
# عیدالفطر کے موقع پر عیدی دینے کا دعویٰ کرنے والے پاکستانیوں نے بچوں کو اوسطاً 200 روپے عیدی دی۔







برائے مہربانی بتائیں کہ عید کے موقع پرآپ کی جانب
سے بچوں کو دی جانے وا لی عیدی کی اوسط رقم کتنی تھی ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز
رائے عامہ سروے
**تہوار اور واقعات**
**عیدالفطر**
عید کی روایات اور سماجی رویے کے حوالے سے جاری ہونے والی 6 پریس ریلیز

## عیدالفطر کے موقع پر عیدی دینے کا دعویٰ کرنے والے پاکستانیوں نے بچوں کو اوسطاً 200 روپے عیدی دی۔


**(گیلپ & گیلانی سروے)،**
(اسلام آباد)، 02 مئی 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، عیدالفطر کے موقع پر عیدی دینے کا دعویٰ کرنے والے پاکستانیوں نے بچوں کو اوسطاً 200 روپے عیدی دی۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے عید کی روایات اور سماجی رویے کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔اس سیریز کی پچھلی رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات جنہوں نے اس عیدالفطر کے موقع پر بچوں کو عیدی دینے کا دعویٰ کیا سے مزید یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" برائے مہربانی بتائیں کہ عید کے موقع پر آپ کی جانب سے بچوں کو دی جانے والی عیدی کی اوسط رقم کتنی تھی ؟"**۔اس سوال کے جواب میں 45% جوابدہندگان کے مطابق عید کے موقع پر اُن کی جانب سے بچوں کو دی جانے والی عیدی کی اوسط رقم "100 روپے تک" تھی، 36% جوابدہندگان کے مطابق "500 روپے"، 15% جوابدہندگان کے مطابق "1000 روپے"، جبکہ 1% جوابدہندگان کے مطابق عید کے موقع پر اُن کی جانب سے بچوں کو دی جانے والی عیدی کی اوسط رقم "1000 روپے سے زائد" تھی، تاہم 3% جوابدہندگان کو اس حوالے سے معلوم نہیں تھا۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ عید کے موقع پر آپ کی جانب سے بچوں کو دی جانے والی عیدی کی اوسط رقم کتنی تھی؟"**




**اوسط رقم: 200 روپے**

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 769 خواتین اور مرد حضرات (جنہوں نے اس عیدالفطر کے موقع پر بچوں کو عیدی دینے کا دعویٰ کیا) سے 11th اپریل تا 18th اپریل 2025 کے درمیان کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 2-3%± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

## عید کی روایات اور سماجی رویے پر 2025 میں جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز

2025 میں پاکستان میں عید کی روایات اور اس پر سماجی رویے پر گیلپ پاکستان کی جانب سے جاری کی جانے والی پریس ریلیز کی سیریز تک رسائی حاصل کرنے کیلئے آپ مندرجہ ذیل لنک پر کلک کر سکتے ہیں۔

**پریس ریلیز 1** : عید کے کپڑے – https://gallup.com.pk/post/38414

**پریس ریلیز 2** : عام مارکیٹوں/بازاروں میں عید کی خرید وفروخت کی سرگرمیاں – https://gallup.com.pk/post/38421

**پریس ریلیز 3** : عید کے موقع پر آن لائن خریداری – https://gallup.com.pk/post/38439

**پریس ریلیز 4** : عید کے موقع پر بچوں کو عیدی دینے والے پاکستانیوں کی تعداد – https://gallup.com.pk/post/38460

**پریس ریلیز 5** : عیدی دی جانے والے بچوں کی اوسط تعداد – https://gallup.com.pk/post/38474

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 2nd May 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)